الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ :26اپریل،2017

عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا چاروں صوبوں کا دورہ کریں گے۔ دورے کا مقصد چاروں صوبوں میں صوبائی الیکشن کمشنرز، ریجنل الیکشن کمشنرز اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کے ساتھ بالمشافہ ملاقات اور الیکشن کی تیاریوں کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لینا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ فیلڈ افسران کی رہنمائی بھی کریں گے اور ان کو درپیش مشکلات کا جائزہ بھی لیں گے پہلے مرحلے میں رمضان سے پہلے وہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ کا دورہ کریں گے۔ جبکہ دوسرے مرحلے میں وہ رمضان کے بعد سندھ اور بلوچستان کا دورہ کریں گے۔ ان دوروں میں ان کے ہمراہ سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد اور الیکشن کمیشن کے سرکردہ افسران بھی ہوں گے۔ یہ دورے اس لحاظ سے نہایت اہمیت کے حامل ہیں کہ تمام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے سلسلے میں چیف الیکشن کمشنر پہلی مرتبہ فیلڈ افسران کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ اور اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ الیکشن کمیشن کی تمام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے حوالے سے انجام دیے جانے والے تمام اہم امور بخوبی سرانجام ہو رہے ہیں۔ جس میں فیلڈ افسران کی تربیت بہت اہم حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹیوں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆